CC0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar. Digitized by eGangotri

CC0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar. Digitized by eGangotri

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

गुरुकुल अभिलेखागार की दुर्लभ साहित्य संपदा : गुरुकुल पुस्तकालय का एक प्रकल्प 272

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

1651

بمبئی کے قوانین عام فہم زبان میں ـــــ نمبر ۲

1651

उर्दू संग्रह

पुस्तक का नाम बम्बई में गोदाम एक्ट

लेखक डाइरेक्टर आफ पब्लिसिटी बम्बई

प्रकाशन वर्ष 1947

आगत संख्या 1651

بمبئی میں

گوداموں کا قانون

۱۹۴۷ء

गुरुकुल अभिलेखागार की दुर्लभ साहित्य संपदा : गुरुकुल पुस्तकालय का एक प्रकल्प 272

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ओ३म्
पुस्तक संख्या २६/१ 96/7
पञ्जिका-संख्या २५.९.६०
पुस्तक पर सर्व प्रकार की निशानियां लगाना वर्जित है। कोई सज्जन पन्द्रह दिन से अधिक देर तक पुस्तक अपने पास नहीं रख सकते अधिक देर तक रखने के लिये पुनः आज्ञा प्राप्त करनी चाहिये।

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

1651

بمبئی کے قوانین عام فہم زبان میں — نمبر ٤

بمبئی

स्त्रोक समाप्तीकरण १९८४-१९८५

گودام ایکٹ

١٩٤٧ء

16/96/9

गुरुकुल कांगड़ी पुस्तकालय
९६/९
२२९
गुरुकुल कांगड़ी

قیمت ایک آنہ

1651;U

شائع کردہ:
ڈائرکٹریٹ آف پبلسٹی حکومت بمبئی
بمبئی
١٩٥٠ء

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

فہرست مضامین

باب	عنوانات	صفحہ
	تمہید	
پہلا باب	گوداموں کے لائسنس	۴
دوسرا باب	گودام کے آدمی کے فرائض	۱۰
تیسرا باب	مال کی نگرانی اور قسمیں	۱۹
چوتھا باب	جرائم اور سزائیں	۲۷

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

1651;U

پیش لفظ

ہماری زراعتی معاشیات سے متعلق جہاں اور دوسرے اہم مسائل ہیں وہاں ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ دیہی علاقوں میں ایسی جگہیں اور عمارتیں نہیں ملتیں جہاں کسی بھی عرصے کے لئے ہر قسم کی زراعتی پیداوار کا ذخیرہ رکھا جا سکے۔ چھوٹے کاشتکاروں کو خاص طور پر اس دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور ہماری معاشیات پر یہی لوگ چھائے ہوئے ہیں۔ زمانہ ماضی میں کاٹی ہوئی فصلوں کو اکٹھا رکھنے کی مشکلات پیش آتی رہی ہیں۔ اس لئے غریب کاشتکار کو مقابلتاً کم دام پر اپنی پیداوار بیچنا پڑتی۔ اگر وہ کچھ عرصہ اپنا مال روک کر بیچتے تو منڈی میں اُس کے زیادہ دام آتے۔ چونکہ ذخیرہ رکھنے کی سہولتوں اور جمع شدہ پیداوار کے لئے قرضہ حاصل کرنے کے انتظامات کا فقدان ہوتا تھا اس لئے کسانوں کو ایسے زمانے میں مال بیچنا پڑتا تھا جبکہ منڈی کا دور دورہ ہوتا تھا۔ لہٰذا پیداوار کی مناسب قیمت حاصل کرنے کی غرض سے خرید و فروخت کے کاروبار کو منظم روپ دینے کا کام تقریباً ناممکنات میں سے ہو جاتا ہے۔

بنا بریں دیہی اور زرعی اصلاح کے پروگرام کی حیثیت سے بمبئی سرکار نے

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

اس صورت حال پر قابو پانے کے واسطے اس سوال کو ہاتھ میں لیا۔ چنانچہ اس نے "بمبئی گودام ایکٹ ۱۹۴۷ء" منظور کر لیا جس کی رو سے گودام قائم کرنے کا انتظام کیا، زراعتی پیداوار کا ذخیرہ رکھنے والے کاروبار کو باضابطہ بنایا اور گودام کے وارنٹ جاری کرنے کا بندوبست کیا گیا ہے۔ اس صوبے میں اناج اکٹھا رکھنے اور خرید و فروخت کے سلسلے میں قرضے کا انتظام کرنے کے سوال کو باقاعدہ اور سائنٹفک ڈھنگ سے سلجھانے کے بارے میں یہ پہلی کوشش ہے۔

خرید و فروخت کے لئے مالیات کا انتظام کرنے کا مسئلہ اتنا ہی اہم ہے جتنا کہ اناج کا ذخیرہ رکھنے کا ہے۔ اس ایکٹ کے ماتحت ایک نیا وسیلہ نکالا گیا ہے جو "گودام کی رسید" کہلاتا ہے۔ اس کی مدد سے کاشتکار کم شرح سود پر آسانی سے قرضہ حاصل کر سکتے ہیں۔ ریزرو بنک آف انڈیا نے کم شرح سود پر قرضے دینا منظور کر لیا ہے جو "گودام کی رسید" دکھانے پر صوبائی کوآپریٹو بنک اور دوسرے کوآپریٹو بنکوں سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

اس ایکٹ کی خاص خاص باتیں اس چھوٹے موٹے سے کتابچے میں سیدھے سادے طریقے پر اور آسان زبان میں درج کر دی گئی ہیں۔ مجھے امید ہے کہ یہ کتابچہ ان لوگوں کے لئے مفید ثابت ہوگا جو زراعتی پیداوار کی خرید و فروخت کے کاروبار کو معقول لائنوں پر لانا چاہتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ زراعتی پیداوار کے سلسلے میں کاشتکاروں کے لئے قرضے بھی مہیا کرنا چاہتے ہیں۔

ویکنٹھ ایل مہتا

وزیر مالیات

بمبئی،

۲۳ دسمبر ۱۹۴۹ء

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

تمہید

بمبئی سرکار نے جتنے دیہی اور زرعی قانون بنائے ہیں ان میں "بمبئی گودام ایکٹ، ۱۹۴۷ء" خاص اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ اس کی مدد سے کاشتکار کو موقع مل جاتا ہے کہ وہ بہتر دام حاصل ہونے تک اپنی زراعتی پیداوار روکے رکھے۔

کاشتکار جو چیزیں پیدا کرتے ہیں وہ ایسی نہیں ہوتیں کہ انھیں تھوڑے ہی عرصے میں کھپا دیا جائے۔ وہ نہ صرف فروخت کی چیزیں ہوتی ہیں بلکہ اس کی دولت بھی ہے جن کے بدلے میں وہ ضرورت کی اشیا سے نفع کے ساتھ تبادلہ کر سکتا ہے۔ زراعتی پیداوار کے بہتر استعمال کا اطمینان دلانے کی خاطر اس کے مال کی حفاظت کرنا اور ذخیرہ رکھنا ضروری ہے۔

"بمبئی گودام ایکٹ، ۱۹۴۷ء" یہی حالات پیدا کرنا چاہتا ہے۔

بمبئی وزارت نے قانون بنا کر دیس کی معاشیات کے سلسلہ میں بروقت امداد کی ہے۔ دیس کی معاشیات دراصل دیہی آبادی کی معاشیات کا دوسرا نام ہے۔ یہ ایکٹ اپنی قسم کا پہلا اقدام ہے جو صوبائی حکومت نے کیا ہے۔

اس اقدام کا خاص مقصد یہ ہے کہ زراعتی پیداوار کا ذخیرہ رکھنے اور ان کی مناسب نگرانی اور کنٹرول کا بندوبست کرنے کی خاطر علیحدہ گودام قائم

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

کئے جائیں۔ گوداموں کے قیام سے ہمارے ایسے غریب اوران پڑھ کاشتکاروں کو بہت سی مصیبتوں سے چھٹکارا مل جائے گا جو زراعتی پیداوار کا ذخیرہ رکھنے کے سلسلے میں مناسب انتظام نہ ہونے کے باعث لالچی دلالوں اور بیوپاریوں کے ہاتھ اپنا مال سستے داموں فروخت کر ڈالتے ہیں۔ یہ ایکٹ کسانوں کی بہت بڑی ضرورت کو پورا کرتا ہے اور اب ان کی خرید و فروخت کی حیثیت بڑی حد تک محفوظ ہو جائے گی۔

اس ایکٹ کی رو سے اختیار یافتہ اور مستند حکام ان گوداموں پر برابر نگرانی رکھیں گے۔ جو مال وہاں رکھا جائے گا ان کو خراب ہونے سے بچانے کے واسطے بہت سی احتیاطی تدبیریں بھی عمل میں لائی جائیں گی۔

اس ایکٹ میں ایک اور دفعہ ہے جو کاشتکاروں کے حق میں انوکھے فائدے کی حامل ہے یعنی انھیں کم شرح سود پر قرض مل سکتا ہے۔ یہ گودام مستند گودام کے آدمی چلاتے ہیں جنھیں مقررہ شرطوں کے ماتحت حکومت سے لائسنس حاصل کرنا ہوتا ہے۔ ان شرائط کی خلاف ورزی کرنے پر سزا دی جا سکتی ہے۔ جو مال گودام میں رکھا جائے اس کے لئے گودام کے آدمی کو مقررہ فارم میں رسیدیں کاٹنا پڑتی ہیں۔ یہ رسیدیں تھوڑے عرصے کے قرضوں کے لئے ضامن در ضامن کا کام دے سکتی ہیں جن کے سلسلہ میں سود کی شرح بھی کم رکھی گئی ہے۔ یہ قرض زراعتی کاموں یا دوسری ضروریات کی خاطر مل سکتے ہیں۔ یہ رسیدیں دوسروں کے نام بھی منتقل کی جا سکتی ہیں۔

ریزرو بنک آف انڈیا بھی اس سلسلے میں ہاتھ بٹاتا ہے چنانچہ وہ صوبائی یا دوسرے کوآپریٹیو بنکوں کے ذریعہ اس مقصد کے لئے کم شرح سود پر روپے دیتا ہے۔ ریزرو بنک کی سفارشوں کی بنیاد پر یہ ایکٹ وضع

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

کیا گیا ہے تاکہ کاشتکار اپنی زراعتی پیداوار کی مطابقت میں کم مدت کے قرضے حاصل کر سکیں۔ اس طرح وہ لالچی بیوپاریوں اور دلالوں کے رحم و کرم پر نہیں رہیں گے۔ دراصل اس انتظام کی رو سے کاشتکاروں کو منڈی میں کبھی اپنی زراعتی پیداوار نہیں بیچنی پڑے گی۔ امداد باہمی کی انجمنوں کو خاص سہولتیں دی گئی ہیں جن کے مطابق انھیں ان گوداموں میں مال رکھنے کے سلسلے میں ترجیح دی جائے گی۔ انھیں ایک اور رعائت دی گئی ہے۔ اب انھیں خاص حق حاصل ہے کہ وہ اپنے گوداموں میں رکھے جانے والے مال کی ضمانت پر روپے پیسے کا لین دین کریں۔

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

پہلا باب

گوداموں کے لائسنس

اس ایکٹ کی خاص خاص دفعات یہ ہیں :-

یہ قانون "بمبئی ایکٹ نمبر ۵۶ بابت ۱۹۴۷ء" کہلاتا ہے۔ گورنر جنرل کی منظوری کے بعد اسے قانون کی کتاب میں درج کر دیا گیا ہے اور وہ پورے صوبے میں زیر عمل آچکا ہے۔ اس کا خاص مقصد یہ ہے کہ صوبۂ بمبئی میں گوداموں کے لئے لائسنس دینے کے کام کو باقاعدہ بنا دیا جائے۔

اس ایکٹ کی رو سے کوئی شخص یا کاروباری ادارہ لائسنس کے بغیر گودام کے آدمی کا کاروبار نہیں چلا سکتا اور وہ گودام رکھنے والے آدمی کی حیثیت سے اپنی نمائندگی نہیں کر سکتا ہے یا اپنے آپ کو گودام رکھنے والا آدمی ظاہر نہیں کر سکتا۔

جو شخص یا فرم گودام رکھنے والے آدمی کا کاروبار کرنا چاہتا ہے اسے لائسنس حاصل کرنا ہوگا۔ اس مقصد کے لئے اسسٹنٹ رجسٹرار آف

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

کوآپریٹیو سوسائیٹیز کے پاس درخواست بھیجنا ہوگی۔ یہ اسسٹنٹ رجسٹرار، بمبئی کوآپریٹیو سوسائیٹیز ایکٹ، ۱۹۲۵" کے ماتحت مقرر کیا گیا ہے جو پچاس روپے فیس وصول کرنے کے بعد ذیل کے گودام کے لئے لائسنس دیگا۔

گودام میں ذخیرہ رکھنے کے لئے ۲۵,۰۰۰ مکعب فٹ جگہ ہونی چاہیئے اور ہر ۲۵,۰۰۰ مکعب فٹ کی جگہ یا اس کی کسر کے لئے ۵۰ روپے زائد فیس دینی ہوگی۔ گودام کا کاروبار چلانے کے لئے ذیل کی شرطیں رکھی گئی ہیں:

(الف) ہر لائسنس شدہ گودام رکھنے والے کو گودام کی ہر سو مکعب فٹ کی گنجائش کے حساب سے کم سے کم پانچ روپیہ کا اثاثہ رکھنا لازمی ہوگا۔ اس اثاثہ میں مطلوبہ قیمت کی قابل انتقال یا ناقابل انتقال ملکیت بھی ہو سکتی ہے۔ اگر یہ اثاثہ عمارتوں، مشینری یا تجارتی سامان کی شکل میں ہو تو وہ کسی منظور شدہ کمپنی سے ان کا بیمہ کرائے گا۔

(ب) گودام رکھنے والا اپنا لائسنس گودام میں کسی نمایاں جگہ لگائے گا۔

(ج) گودام رکھنے والا شخص اسسٹنٹ رجسٹرار، کوآپریٹیو سوسائیٹیز یا اس کے بھیجے ہوئے کسی دوسرے آدمی کو گودام دیکھنے کی اجازت دیگا اور یہ افسر اس سے متعلق دوسری کتابیں، رکارڈ، کاغذات، حسابات وغیرہ کی بھی جانچ کر سکے گا۔

لائسنس اس تاریخ سے جس کو وہ منظور کیا گیا ہو ۳۱ ردسمبر تک کارآمد رہ سکتا ہے۔ جس سال وہ جاری ہوا ہو یا تین سال کی مدت کا ہونے کی صورت میں تیسرے سال کے آخری ۳۱ ردسمبر تک کارآمد رہے گا۔ مقررہ فیس ادا کرنے کے بعد لائسنس کی تجدید کرائی جا سکے گی۔

جہاں پر لائسنس شرکت میں جاری کیا گیا ہے، اور بعد میں وہ شرکت

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ختم کردی گئی تو فرم کے ہر شریک کو اس قسم کی شرکت کے خاتمہ کی رپورٹ کوآپریٹیو سوسائیٹیوں کے اسسٹنٹ رجسٹرار کے پاس ایک ہفتہ کے اندر اندر بھیجنا ضروری ہے۔

لائسنسوں کی واپسی

جب قانون کے تحت جاری کردہ لائسنس کی مدت ختم ہو جائے یا اس کو معطل کر دیا جائے یا اسسٹنٹ رجسٹرار، کوآپریٹیو سوسائٹی اسے منسوخ کر دے تو گودام رکھنے والا اپنی تجارت نہیں کر سکے گا اور اپنا لائسنس اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائیٹیز کو واپس کر دے گا۔

لائسنس واپس لینے کا نوٹس جو کم سے کم ایک ہفتے کا ہو گا رجسٹرڈ پوسٹ کے ذریعہ بھیجا جائے گا۔ اگر گودام رکھنے والا مقررہ مدت کے اندر ایسی وجہ نہیں بتائے گا کہ اس نے اپنا کاروبار نوٹس کی مدت سے زیادہ دن کیوں جاری رکھا تو رجسٹرار یک طرفہ فیصلہ کرنے کا مجاز ہو گا۔

گودام میں مال رکھنے والے کو دفعہ ۱۶ کی ضمنی دفعہ ۱ کے تحت رجسٹرڈ ڈاک کا نوٹس کم سے کم سات دن کی مدت کا دیا جائے گا۔ یہ نوٹس گودام سے فائدہ اٹھانے والے تمام لوگوں کو اسی دن دیا جائے گا جس دن اس کو نوٹس ملے گا۔

ہر گودام رکھنے والا لائسنس کی درخواست دیتے وقت یا تو:

(الف) اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائیٹیز کے پاس نقد یا جائداد کی صورت میں پانچ روپیہ فی سو مکعب فٹ گنجائش گودام کے مطابق جو ایک ہزار روپیہ سے کم نہ ہوں ضمانت دے گا اور فارم ۳ پر ان تمام شرائط

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

اور فرائض کی ادائگی کی ضمانت دیگا جو کہ گودام رکھنے کی صورت میں اس کے کاروبار سے تعلق رکھتی ہوں گی، یا

(ب) اس قسم کا اقرار نامہ اتنی ہی رقم کا لکھے گا اور اس کے ساتھ دو ایسے ضامن دے گا جن سے اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائیٹز مطمئن ہو سکے۔ لائسنس کی تجدید کی فیس وہی ہوگی جو اوپر بیان کی گئی ہے اور اگر اصل لائسنس ضائع ہو جائے تو مثنیٰ لائسنس پانچ روپیہ فیس دینے کے بعد مل سکے گا۔

مثنیٰ لائسنس کا اجرا اور تجدید

لائسنس کی تجدید اور مثنیٰ لائسنس کے اجرار کی شرائط وہی ہونگی جو لائسنس کے اجرار کے لئے بیان کی گئی ہیں۔ مثنیٰ لائسنس لائسنس رکھنے والے کے نام جاری کرتے وقت ہرجانے کا اقرار نامہ لکھا لیا جائے گا کہ گم شدہ لائسنس استعمال کرنے پر اگر کوئی شخص نقصان پہونچائے تو حکومت کو اس کا ہرجانہ ملے گا اور مثنیٰ لائسنس کے اوپر "ڈپلیکیٹ" (مثنیٰ) کی مہر لگا دی جائیگی۔

اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائیٹز مقررہ فیس وصول کرنے کے بعد گودام رکھنے اور اس سے تجارت کرنے کا لائسنس قانون کے مطابق جاری کر دے گا۔

لائسنس جاری کرنے سے پہلے اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائیٹز اچھی طرح اطمینان کرلے گا کہ وہ گودام اس مال کا ذخیرہ جمع کرنے کے قابل ہے جس کے لئے درخواست دی گئی ہے اور یہ کہ درخواست کنندہ اس قسم کا کاروبار کرنے کے لائق ہے یا نہیں اور مطلوبہ ضمانت قاعدے کے مطابق

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

دے سکتا ہے یا نہیں، اور دوسری باتوں میں نالائق تو نہیں ٹھہرتا اور دوسری ایسی شرائط کو پورا کرنے کا اہل ہے یا نہیں جو حکومت اس کے لئے تجویز کرے۔

اسسٹنٹ رجسٹرار، کوآپریٹیو سوسائیٹیز مندرجہ ذیل حالات میں لائسنس منسوخ کرسکتا ہے:

(۱) لائسنس رکھنے والا عدالت سے نادار قرار دے دیا گیا ہو؛

(۲) لائسنس شدہ گودام پر مکمل یا جزوی قبضہ ہٹا لیا ہو،

(۳) اس قسم کا لائسنس شدہ گودام چلانا بند کر دیا ہو،

(۴) گودام کے استعمال سے حد سے زیادہ یا غیر واجب منافع کمایا ہو،

(۵) گودام رکھنے کا کاروبار کرنے کے نا قابل ہو گیا ہو، یا

(۶) لائسنس کی شرائط یا قانون کے دفعات کی خلاف ورزی کی ہو۔ اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائیٹیز لائسنس کی منسوخی کی وجہ تحریری طور پر درج کرے گا، اس کے خلاف الزامات کی تشریح کرے گا اور لائسنس رکھنے والے کو موقع دے گا کہ وہ صفائی پیش کرسکے۔ بیان صفائی سننے کے بعد رجسٹرار مذکور کو اختیار ہوگا کہ وہ لائسنس کو جاری رکھے یا منسوخ کر دے جیسا بھی اس کے نزدیک درست ہو۔ وہ لائسنس کو معطل بھی کرسکتا ہے جب تک کہ تحقیقات کی جائے جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔

لائسنس دار کو اپیل کا حق

لائسنس دار لائسنس کی منسوخی کی صورت میں ۶۰ دن کے اندر اندر کلکٹر کو اپیل کرسکتا ہے۔ کلکٹر رجسٹرار مذکور، اور گودام والے دونوں کے بیانات لے گا اور فیصلہ کر دے گا۔ حکومت اس بات کی مجاز ہے کہ وہ اسسٹنٹ

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹیز یا کلکٹر کے سامنے لائسنس کی منسوخی کے متعلق جو معاملہ پیش ہوا ہے اس کی صحت اور قانونی مناسبت کو دیکھ سکے اور اس سے متعلق جو کوئی حکم جاری کیا گیا ہے اس کی جانچ کر کے اس حکم کو تبدیل کر دے، مسترد کر دے یا اس میں کچھ ترمیم کر دے یا اس کی تصدیق کر دے یا اور دوسرا حکم جاری کر دے جو اس کے نزدیک درست نہ ہو۔ لائسنس کی منسوخی یا معطلی کے متعلق اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹیز کے جاری کردہ حکم پر اپیل اور نظر ثانی ہو سکتی ہے۔ اپیل پر کلکٹر کے جاری کردہ حکم پر نظر ثانی کی جا سکتی ہے؛ مگر نظر ثانی کے طور پر حکومت کا جاری کردہ حکم آخری اور قطعی ہوگا اور کسی قانون کی عدالت میں اس کے خلاف چارہ جوئی نہیں کی جاسکے گی۔

گودام رکھنے والا لائسنس کی مدت کے خاتمہ یا اس کے معطل یا منسوخ ہو جانے کی صورت میں اپنا کاروبار بند کر دے گا اور اپنا لائسنس اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹیز کو واپس کر دے گا جو اس کو ایک مقررہ مدت میں اپنے کاروبار کو سمیٹنے کی اجازت دے سکتا ہے۔ گودام رکھنے والا اس مدت میں اپنی تجارت کر سکتا ہے۔ گوداموں کے نام اور مقام اور گودام رکھنے والوں کے نام اور مقام جن کو قانون کے تحت لائسنس ہر سال جنوری کی پہلی تاریخ کو دئے جاتے ہیں "بمبئی گورنمنٹ گزٹ" میں متعلقہ سال کی ۱۵۔ فروری سے پہلے پہلے چھاپ دئے جائیں گے۔ اس طرح معطل شدہ اور منسوخ شدہ لائسنس بھی "بمبئی گورنمنٹ گزٹ" میں شائع کر دئے جائیں گے۔

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

دوسرا باب

گودام کے مالک کے فرائض

ہر گودام رکھنے والا اس سامان کی پوری نگرانی کرے گا جو اس کی تحویل میں دیا جائے گا۔

ہر گودام رکھنے والا ذیل کی شرائط کے مطابق اور لائسنس کی شرائط کی مطابقت میں اپنے گودام رکھے گا تاکہ اس گودام میں رکھے ہوئے مال کو کسی قسم کی خرابی یا نقصان نہ پہونچے :۔

(۱) گودام میں کسی طرح نمی یا چوہے نہیں پہنچنے پائیں گے۔

(۲) جب بھی ضرورت ہوگی گودام کی مرمت کی جائے گی اور اس کو جراثیم سے پاک رکھا جائے گا۔

(۳) گودام میں رکھا ہوا مال اس طرح ترتیب سے رکھا جائے گا کہ اس کے نکالنے رکھنے، جانچنے میں کوئی دقت نہ ہو۔

(۴) سامان کا چٹہ گودام کی دیوار سے لگا کر نہیں بنایا جائے گا۔ بلکہ ہر چٹے اور دیوار کے درمیان دو فٹ کی خالی جگہ چھوڑی جائے گی۔

(۵) عام طور پر چٹے ۱۵ فٹ × ۱۵ فٹ سے زیادہ جسامت کے نہیں لگائے جائینگے اور نیچے اوپر پندرہ بوروں سے زیادہ نہیں رکھے جائیں گے۔

(۶) سامان یا سامان رکھنے کی تھیلی، ڈبہ وغیرہ یکساں جسامت کا ہوگا، اور جیسا کہ اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائیٹیز وقتاً فوقتاً ہدایت دے گا اس کے مطابق رہے گا۔

(۷) گودام میں رکھنے کے لئے جو سامان آئے گا وہ مکعب فٹ میں ناپا جائے گا یا تولا جائے گا جیسا کہ ضرورت ہو، اور اس قسم کی ناپ تول لائسنس شدہ آدمی کریگا

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

اور ہر ڈبہ وغیرہ پر اس کا وزن وغیرہ چھاپ دیا جائے گا یا لیبل لگا دیا جائیگا جس پر تاریخ کے ساتھ اس کا وزن وغیرہ درج ہوگا۔

(۸) ڈبے وغیرہ یا ڈھیر پر مال کے مالک کا نام نمایاں نشان کے ساتھ موٹے موٹے الفاظ میں لکھا جائے گا؛

(۹) مختلف قسموں کا سامان الگ الگ جمع کیا جائے گا؛

(۱۰) بارش کے زمانے میں چھت کے ٹپکنے، دیواروں یا فرش کے نم ہونے کے سلسلے میں کڑی نگرانی رکھی جائے گی اور جلد سے جلد اسے دور کیا جائے گا۔

(۱۱) گودام میں استعمال ہونے والی ساری چیزیں مثلاً ناپنے کے پیمانے تولنے کے اوزان، پوکر وغیرہ اچھی، درست اور صحیح حالت میں گودام میں رکھی جائینگی؛ اور

(۱۲) ان کے علاوہ دوسری کوئی ہدایت یا شرائط جو اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹیز وقتاً فوقتاً جاری کرے گا اس کی تعمیل کرنا ہوگی۔

سامان کی درجہ بندی

ہر گودام رکھنے والا اس سامان کو جو اس کے گودام میں جمع کیا گیا ہے اس طرح ترتیب سے رکھے گا کہ وہاں تک آسانی سے پہنچ ہو سکے، اس کا معائنہ کرنے میں کوئی دقت نہ ہو، گنتی اور پہچان میں اور کسی بھی ڈھیر سے نمونہ بتانے میں کوئی دقت نہ ہو۔

گودام میں جمع کی جانے والی چیز کی جب بھی کسی قسم، معیار یا حیثیت کو مقرر کیا جائے یا قانون کے تحت اس کے مقرر کرنے کی ضرورت ہو تو یہ مخصوص مال کے اس معیار، قسم یا حیثیت کی مطابقت میں ہوگا جو اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹیز کی طرف سے وقتاً فوقتاً مقرر کیا جائے گا۔

نقصان سے بچانے کی تدابیر

ہر گودام رکھنے والا اپنے گودام میں رکھی ہوئی چیز کو ضروری طور پر

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

صاف رکھے گا. بھس کوڑا کرکٹ یا کوئی ایسی چیز جس سے آگ پکڑنے اور سامان رکھنے اور نکالنے کے وقت مانع آنے کا امکان ہو وہاں جمع نہیں کرے گا۔

وہ کوئی ایسا سامان اپنے گودام میں جمع کرنے کے لئے قبول نہیں کریگا جو سڑا گلا یا خراب ہو یا جراثیم سے بھرا ہوا ہو۔ وہ اپنے گودام میں ایک مالک کا سامان دوسرے مالک کے سامان سے اور ایک ہی مالک کے ایسے سامان سے جس کے لئے الگ رسید دی گئی ہے بالکل الگ رکھے گا تاکہ مال کے پہچاننے، نکالنے اور رکھنے میں کوئی دشواری نہ ہو۔ لیکن اسٹنڈرڈ یا گریڈ کا سامان مالکوں کی مرضی سے ایک ہی قسم کے سامان کو دوسرے مالک کے اسی قسم کے سامان سے ملا سکتا ہے۔ ہر جمع کرنے والا صرف اتنا ہی سامان وزن یا ناپ کے ذریعہ لے سکے گا جتنا اس نے جمع کیا ہے۔

اگر کسی ایسی وجہ سے جو گودام رکھنے والے کے بس سے باہر ہو کوئی جمع شدہ سامان خراب ہو جائے یا اس کے خراب ہونے کا امکان ہو تو اسکی اطلاع مال کے جمع کرانے والے مالک کو کر دی جائے گی اور اس سے استدعا کی جائے گی کہ وہ اپنا مال فوراً جاری کردہ رسید کے پیش کرنے اور سارا واجب الادا روپیہ ادا کرنے کے بعد اٹھا کر لے جائے۔ اگر گودام رکھنے والے کے اس نوٹس کے بعد سامان جمع کرنے والا کوئی جواب نہیں دے گا تو گودام رکھنے والے کو اختیار ہوگا کہ وہ اس مال کو وہاں سے اٹھالے اور عام نیلام کے ذریعہ مالک سامان کی ذمہ داری پر سامان فروخت کر دے اگر کسی آدمی کا اس سامان سے کوئی تعلق نہ ہو یا ان رسیدوں سے جن پر وہ مال رکھا گیا ہے کوئی تعلق ہو تو وہ گودام رکھنے والے کو اس تعلق کی نوعیت سے آگاہ کر دے جس کو ریکارڈ کر لیا جائے گا۔

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

سامان کا نیلام

کسی بھی گودام میں جمع شدہ سامان جو خراب ہو گیا ہو یا خراب ہونے والا ہو اس کا نیلام کرنے سے پہلے گودام رکھنے والا ایک نوٹس جاری کرے گا جس میں نیلام کی تاریخ، جگہ اور وقت وغیرہ درج ہوگا۔ یہ نوٹس کم سے کم نیلام سے ایک ہفتہ پہلے جاری کرنا ہوگا۔ یہ نوٹس مقامی اخبار میں شائع کرایا جائے گا اور مقامی باقاعدہ منڈی کمیٹی کے نوٹس بورڈ پر بھی لگایا جائے گا جبکہ گودام باقاعدہ منڈی کے علاقے میں ہو۔ اس نوٹس کی کاپیاں اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹیز اور کلکٹر کو بھیجی جائیں گی۔

نیلام کے روپے کا حساب

ہر گودام رکھنے والا اس قسم کے نیلام کے بعد ۱۵ دن کے اندر اندر فروخت شدہ مال کی رقم اپنا کل خرچ اور قانونی طور پر واجب الادا رقم کاٹ کر مالک کو ادا کر دے گا۔ گودام رکھنے والا ساری رقم جو نیلام کے ذریعہ وصول ہوئی ہوگی مالک کو اس کی دی ہوئی رسیدیں پیش کرنے پر دے گا بشرطیکہ مالک خود سارا خرچ ادا کرے۔ ہر گودام رکھنے والا غیر ضروری طور پر دیر لگائے بغیر وہ سارا سامان مالک کے طلب کرنے پر فوراً اس کو (جمع کرنے والے کو) دے دے گا جب کہ وہ کل واجب الادا رقم ادا کر دے۔

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

گمشدگی یا نقصان کا نوٹس

اگر سامان گودام سے نکالتے وقت جمع کرنے والا دیکھے کہ کچھ مال گم ہے یا خراب ہے تو وہ گودام رکھنے والے کو اس کی تفصیل کا نوٹس تحریری طور پر ۷۲ گھنٹے کے اندر اندر دے گا۔ اس نوٹس کی ایک نقل اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائیٹیز کو بھی روانہ کی جائے گی۔ اگر مال جمع کرنے والا اس مقررہ وقت کے اندر اندر نوٹس نہ دے تو گودام رکھنے والے کے خلاف کوئی دعویٰ قانونی نہیں سمجھا جائے گا۔ اسی قسم کا نوٹس مال جمع کرنے والا گودام رکھنے والے کو اس وقت بھی دے گا جبکہ گودام کے اندر رکھے ہوئے مال کے متعلق اس کو علم ہو کہ اس کو نقصان پہنچا ہے یا گم ہو گیا ہے۔

مال جمع کرنے والا گودام میں جمع شدہ مال کو تھوڑا تھوڑا کر کے بھی اٹھا سکتا ہے۔

اگر گودام رکھنے والا ایسے کل مال کا تھوڑا حصہ مالک کو اٹھا لینے دے گا جس کے لئے بھنانے والی رسید دی گئی ہے تو اس کو اس قسم کی رسیدوں پر اس طرح دئے ہوئے سامان کی تفصیل بھی دینا ہو گی۔ اگر وہ اس قسم کی تفصیل نہیں دے گا تو گودام رکھنے والا رسید کے اندر بیان کردہ سارا مال اس شخص کو نہ دینے کی صورت میں ذمہ دار گردانا جائے گا جو اس رسید کو خرید لے گا۔

جمع شدہ مال میں کمی و زیادتی

گودام رکھنے والا مال کی اس کمی کا ذمہ دار نہیں ہو گا جو خشک

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ہو جانے یا اور کسی ایسی وجہ سے ہوگی جو اس کے اختیار سے باہر ہوگی۔

گودام رکھنے والا مال کی زیادتی کا بھی حق دار نہ ہوگا جو اس کے گودام میں مال رکھنے کے دوران میں نمی قبول کرنے کی وجہ سے یا کسی اور دوسری وجہ سے ہو جائے۔

اگر گودام میں رکھا ہوا مال نمی قبول کر کے زیادہ ہو جائے یا خشک وغیرہ ہو کر کم ہو جائے اور اس پر گودام والے اور مال والے کے درمیان کوئی تنازعہ پیدا ہو جائے تو یہ معاملہ اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹیز کے سامنے پیش کیا جائے گا اور اس معاملہ میں اس کا فیصلہ آخری اور قطعی ہوگا۔

مال کا ہٹانا یا منتقل کرنا

کوئی بھی گودام رکھنے والا اس سامان کو جو اس کے گودام میں جمع ہے ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ ہٹا سکتا ہے اور نہ ہی ایک گودام سے دوسرے گودام میں منتقل کر سکتا ہے جب تک کہ مال کا مالک اجازت نہ دے اور مالک کو پرانی رسید رد کر کے دوسری رسید نہ دی جائے۔

حساب کتاب، اندراج اور ترتیب وغیرہ

ہر گودام رکھنے والا اپنے کاروبار کا حساب کتاب اندراج اور ترتیب کے لئے رجسٹر رکھے گا اور اگر اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹیز کوئی فارم وغیرہ خاص طور سے اس مطلب کے لئے مقرر کرے گا تو اس کو

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

بھی ہدایات کے مطابق رکھنا ہوگا۔ خاص طور پر وہ

(۱) فارم ۷ پر اسٹاک رجسٹر رکھے گا۔

(۲) فارم ۸ پر ہر مال جمع کرنے والے کا کھاتا رکھے گا، اور

(۳) فارم ۹ پر عام بیمہ کا حساب رکھے گا۔

مال کے بیمے کا طریقہ

ہر گودام رکھنے والا ہر اس سامان کا جو اس کے گودام میں جمع کرایا جائے گا چوری، سیلاب یا آگ وغیرہ کے نقصان، یا کسی اور حادثہ سے محفوظ رکھنے کے لئے ذیل کے طریقے پر بیمہ کرائے گا:۔

(۱) اگر مال جمع کرنے والا تحریری طور پر گودام رکھنے والے کو ہدایت کرے گا تو جب تک مال اس کے گودام میں رکھا ہے اس کو چوری، سیلاب یا آگ سے محفوظ رکھنے کے لئے اپنے نام پر یا مال رکھنے والے کے نام پر بیمہ کرائے گا۔ لیکن بیمہ کی رقم کا تعین بھی مال کے مالک کو ہی کرنا ہوگا۔

(۲) اگر مال جمع کرانے والا کوئی ہدایت نہ دے تو گودام رکھنے والا اس مال کا بیمہ کرائے گا لیکن بیمہ کی رقم مال کی اس قیمت سے زیادہ نہیں ہوگی جو مال کی قیمت اس دن تھی جس دن اس کو گودام میں جمع کیا گیا تھا۔

(۳) گودام میں جمع کئے ہوئے مال کا بیمہ کسی ایسی بیمہ کمپنی سے نہیں کرایا جائے گا جس کا نام منظور شدہ کمپنیوں کی فہرست میں نہیں ہوگا۔

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

بیمہ کی رقم کی وصولیابی

ہر گودام رکھنے والا مال کے جمع کرانے والے یا مالک سے بیمے کے نفع وصول کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔ اور بیمہ کرانے میں جو دوسرا خرچ ہوا ہے وہ بھی مالک سے وصول کر سکتا ہے۔ اس کو ان رقموں کے وصول کرنے کا قانونی حق حاصل ہے۔

گودام رکھنے والا کسی بھی مالک کا مال جمع کرنے میں امتیاز سے کام نہیں لے گا۔ جو بھی اس کے گودام سے فائدہ اٹھانا چاہے اس کو اس کی اجازت دینا ہوگی۔ صرف کوآپریٹیو سوسائٹی ہی کو مقررہ رعایت دی جا سکتی ہے۔

سوائے کوآپریٹیو سوسائٹی کے کوئی بھی گودام رکھنے والا فرد یا ادارہ اپنی طرف سے، کسی دوسرے کی طرف سے جمع شدہ مال پر سود پر رقم دے گا اور نہ ہی اس سے کاروبار کرے گا۔

گودام رکھنے والے کی اجرت

کوئی گودام رکھنے والا اس مقررہ رقم سے زیادہ اجرت نہیں لے گا جو اس نے لائسنس حاصل کرتے وقت فارم میں لکھی ہے اور جس کو افسر مذکور نے منظور کیا ہے یا وقتاً فوقتاً حکام متعلقہ نے اس میں تبدیلی کی ہے۔

ہر گودام رکھنے والا صرف وہی پیمانے اور اوزان چیزوں کے ناپنے اور تولنے میں استعمال کرے گا جن کو اس مقصد کے لئے

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

"بمبئی کے ناپ اور تول ایکٹ ۱۹۳۲ء" کی رو سے حکومت کے مقرر
کردہ انسپکٹر نے منظور کر دیا ہوگا۔

کاروبار کے اوقات

ہر گودام کو تجارتی مقاصد کے لئے روزانہ صبح ۷ بجے سے
شام کے ۷ بجے تک کے درمیان کے کسی وقت بھی کم سے کم آٹھ گھنٹے
کے لئے ضرور استعمال کیا جائے گا اور اس کے کام کے صحیح اوقات
ہر گودام میں نمایاں جگہ چسپاں کئے جائیں گے۔

ہر گودام رکھنے والا اسسٹنٹ رجسٹرار کو آپریٹیو سوسائیٹیز کو اپنے
گودام کی حالت اس کے اندر رکھے ہوئے مال اور اپنے کاروبار کی
حیثیت کے بارے میں وقتاً فوقتاً اطلاع دیتا رہے گا۔

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

تیسرا باب

مال کا معائنہ اور قسمیں

کوآپریٹیو سوسائٹیوں کا اسسٹنٹ رجسٹرار کسی وقت بھی یہ دیکھنے کے لئے کہ ایکٹ کی ضروری باتوں کی تعمیل کی جا رہی ہے یا نہیں مالک گودام کے گودام، مشینری، ساز و سامان، گودام میں اکٹھا کئے ہوئے مال، بہی کھاتوں، اور ریکارڈ وغیرہ کا معائنہ اور جانچ کر سکتا ہے۔

وہ ایسے اہل اور مستند اشخاص کو اس بات کے لائسنس دے سکتا ہے کہ وہ گودام میں جمع شدہ یا جمع کئے جانے والے مال کا وزن کرے، اس مال کی نوعیت کا تعین کرے اور مال کی درجہ بندی کرے، اور مال کی جانچ کرنے کے بعد اس کے وزن نوعیت، اور درجہ (گریڈ) کے بارے میں سرٹیفکیٹ دے۔

وزن وغیرہ کرنے والے

وزن، مال کی قسم کا تعین، یا درجہ بندی کا کام کرنے کے لئے لائسنس کی تحریری درخواست مقررہ اتھارٹی کے پاس ارسال کرنا ہوگی، جس کے ساتھ پانچ روپے فیس بھی بھیجنا ہوگی۔ مقررہ اتھارٹی گودام کی کارکردگی کے بارے میں ضروری پوچھ گچھ کرنے کے بعد لائسنس دے گی لیکن اس کے ساتھ وہ درخواست دینے

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

والے سے کوآپریٹیو سوسائیٹوں کے اسسٹنٹ رجسٹرار کے مقرر کردہ فارم پر قواعد وضوابط کی اور حسب ذیل شرائط کو پورا کرنے کا وعدہ دے گا:-

(۱) ایکٹ کی دفعہ ۲۳ کے تحت جس شخص کو بھی وزن کرنے، مال کی نوعیت یا قسم مقرر کرنے، اور مال کی درجہ بندی کرنے کیلئے لائسنس دیا جائے گا اسے کوآپریٹیو سوسائیٹوں کے اسسٹنٹ رجسٹرار کے مقرر کردہ طریقے کے مطابق بہی کھاتے رکھنا ہوں گے اور اس شکل میں اور اس وقت پیش کرنا ہوں گے جبکہ اسسٹنٹ رجسٹرار طلب کرے۔ بہی کھاتا رکھنے اور پیش کرنے کے طریقے کے بارے میں اسسٹنٹ رجسٹرار گاہے بگاہے ہدایت کرتا رہے گا۔

(۲) ہر وزن کرنے والا، مال کی نوعیت کا تعین کرنے والا اور درجہ بندی کرنے والا کوآپریٹیو سوسائیٹوں کے اسسٹنٹ رجسٹرار کا متعین سازوسامان رکھے گا۔

(۳) لائسنس شدہ وزن کرنے والے، مال کی نوعیت کا تعین کرنے والے اور درجہ بندی کرنے والے کو ایک موزوں امتیازی بلہ لگانا ہوگا جو کہ کوآپریٹیو سوسائیٹوں کا اسسٹنٹ رجسٹرار ان کو دے گا۔ وزن کرنے والے، مال کی قسم کا تعین کرنے والے یا درجہ بندی کرنے والے کو مقررہ اتھارٹی کے پاس بلے کی لاگت زیادہ سے زیادہ پانچ روپے اور کم سے کم ایک روپیہ جمع کرنا ہوگی۔

(۴) کوئی لائسنس شدہ وزن کرنے والا، مال کی نوعیت کا تعین کرنے والا یا درجہ بندی کرنے والا اس شرح سے زیادہ کوئی کرایہ

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

२२९५० ९५/२

1651

وصول نہ کر سکے گا جو کوآپریٹو سوسائٹیوں کا رجسٹرار وقتاً فوقتاً متعین کرے گا۔

(۵) کوئی لائسنس شدہ وزن کرنے والا، مال کی قسم کا تعین کرنے والا یا درجہ بندی کرنے والا نہ تو کسی دوسرے کی ملازمت کر سکتا ہے اور نہ کوئی ایسا کام کر سکتا ہے جو اس کام سے الگ ہے جس کے لئے اس کو لائسنس دیا گیا ہے۔

(۶) وقتاً فوقتاً جو شرائط لگائی جائیں گی ان کی تعمیل کرے گا۔

(۷) ان قوانین یا لائسنس کی کسی شرط کو توڑنے یا اس کی خلاف ورزی کرنے پر لائسنس روکا جا سکتا ہے اور منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ کوآپریٹو سوسائٹیوں کے اسسٹنٹ رجسٹرار کسی ایسے شخص کو لائسنس دینے سے انکار کر سکتا ہے جو اس کے خیال میں نااہل ہو، یا اس کے کام سے گودام کے کام پر کوئی اچھا اثر پڑنے کا امکان نہ ہو۔

لائسنسوں کی مدّت

وزن کرنے والے، مال کی نوعیت کا تعین کرنے والے، اور درجہ بندی کرنے والے کو جو لائسنس دیا جائے گا اس کی مدتِ اجرا کی تاریخ اس سال ۳۱ دسمبر تک ہوگی۔

وزن کرنے والوں، مال کی قسم مقرر کرنے والوں اور درجہ بندی کرنے والوں کو فارم نمبر ۱۰ پر سرٹیفکیٹ دیئے جائیں گے۔

وزن کرنے والوں، مال کی قسم کا تعین کرنے والوں اور درجہ بندی کرنے والوں کے نام جو لائسنس جاری کئے جائیں گے،

पुस्तकालय

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ان کی تجدید کی درخواست لائسنس کی مدت ختم ہونے سے ایک ماہ پیشتر دینا ہوگی اور اس کے ساتھ پانچ روپے فیس بھی بھیجنا ہوگی۔ لائسنس کی تجدید کی شرائط وہی ہوں گی جن پر لائسنس دیا گیا ہے

اصل لائسنس کھو جانے یا خراب ہو جانے کی صورت میں پانچ روپے ادا کرنے پر بدلی کا لائسنس دیا جائے گا۔ اس لائسنس کے اوپر لفظ مثنیٰ (ڈپلی کیٹ) درج ہوگا۔

کوآپریٹو سوسائٹیوں کے اسسٹنٹ رجسٹرار اس صورت میں کہ کوئی وزن کرنے والا، مال کی نوعیت کا تعین کرنے والا یا درجہ بندی کرنے والا لائسنس کے کسی قاعدے یا شرط کی خلاف ورزی کرے، اور رجسٹرار کا یہ خیال ہو کہ اس شخص کے نام پر لائسنس جاری رکھنے سے گودام کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے تو وہ لائسنس کو معطل یا منسوخ کر سکتا ہے۔

کوآپریٹو سوسائٹیوں کا اسسٹنٹ رجسٹرار ثالثوں کا بورڈ مقرر کر سکتا ہے جو وزن کرنے والوں، مال کی نوعیت کا تعین کرنے والوں، درجہ بندی کرنے والوں، یا گودام کے مالکوں کے خلاف وزن، قسم مال اور درجہ وغیرہ کے بارے میں موصول ہونے والی شکایتوں کا تصفیہ کرے گا۔

ثالثوں کے بورڈ کا تقرر

گودام میں اکٹھا کئے ہوئے مال کے وزن، نوعیت، درجہ بندی وغیرہ کے بارے میں وزن کرنے والے۔ مال کی قسم کا

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

تعین کرنے والے یا درجہ بندی کرنے والے کے خلاف شکایت
موصول ہونے پر کوآپریٹیو سوسائیٹوں کا اسسٹنٹ رجسٹرار فریقین
کے نام پر نوٹس جاری کر سکتا ہے کہ وہ نوٹس موصول ہونے
کی تاریخ سے پندرہ دن کے اندر اندر اپنی اپنی جانب سے ایک
ایک ثالث نامزد کریں۔ اگر اس مدت میں کوئی ایک فریق ثالث
نامزد نہ کرے تو کوآپریٹیو سوسائیٹوں کا اسسٹنٹ رجسٹرار اس کی
جانب سے ثالث نامزد کر دے گا۔ رجسٹرار اپنی جانب سے تیسرا
ثالث مقرر کرے گا جو ثالثوں کے بورڈ کا صدر ہوگا۔

ثالثوں کا بورڈ اپنی کارروائیوں میں جہاں تک ہو سکا ہندوستان
کے ثالثی ایکٹ سنہ ۱۹۴۰ء کے طریقہ کار کی پیروی کرے گا۔ اگر بورڈ کا
منظور کردہ کوئی فیصلہ زیر عمل نہیں لایا گیا تو اسے بورڈ کے صدر کے دستخط
شدہ ایک سرٹیفکیٹ کے ذریعے اس طرح زیر عمل لایا جائے گا
جس طرح سول کورٹ کی ڈگری لائی جاتی ہے۔

بورڈ کا فیصلہ قطعی ہوگا اور کسی عدالت میں اس کے خلاف
چارہ جوئی نہ ہو سکے گی۔

کوآپریٹیو سوسائیٹوں کا اسسٹنٹ رجسٹرار وزن کرنے
والے، مال کی قسم کا تعین کرنے والے، یا درجہ بندی کرنے والے
کے نام جاری کردہ لائسنس کو معطل یا منسوخ کر سکتا ہے۔

جن علاقوں میں ایکٹ کے تحت لائسنس شدہ کوئی وزن
کرنے والا، مال کی نوعیت کا تعین کرنے والا یا درجہ بندی کرنے
والا نہیں ہے ان میں وزن، گریڈ، درجہ، یا قسم کے بارے میں

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

سارے کام گودام والا ہی کرے گا جسے رسید پر ظاہر کرنا ہوگا۔

گودام کی رسیدیں

مال جمع کرنے کی درخواست گودام والے کو فارم ۴ پر اور مال نکالنے یا اٹھانے کی درخواست فارم ۵ پر دینا ہوگی۔

ہر گودام والے یا مالک گودام کو مقررہ فارم پر رسید دینا ہوگی جس میں گودام میں رکھے ہوئے مال کی بابت تمام تفصیلات درج کرنا ہوں گی۔ یہ رسید تصدیق کے بعد قابل تبادلہ ہوگی۔ اور جس شخص کے پاس قانون کے مطابق یہ رسید ہوگی وہ رسید میں درج شدہ سامان یا مال ان ہی شرائط اور ضوابط پر اٹھا سکتا ہے جن پر وہ شخص اٹھانے کا مجاز تھا جس نے اصل میں مال جمع کرایا تھا۔

رسید کھو جانے یا خراب ہو جانے کی صورت میں گودام والا مقررہ شرائط کے تحت مثنیٰ رسید جاری کر دے گا۔

مال وغیرہ جمع کرنا اور محفوظ رکھنا

رسیدیں فارم ۶ پر دی جائیں گی جن میں ذیل کی باتیں درج ہوں گی:-

(۱) وہ مدت جس کے لئے مال جمع کرنے کے واسطے لیا گیا ہے؛

(۲) رسید میں درج شدہ مال کی ملکیت، استحقاق قبضہ، رہن اور اسی قسم کی دیگر باتوں کے بارے میں تمام تفصیلات درج ہونا چاہئیں اور

(۳) مال کی گریڈ، درجہ اور قسم۔

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ہر گودام والے کو کوآپریٹو سوسائٹیوں کے اسسٹنٹ رجسٹرار کے دفتر میں ان اشخاص کے نام اور پتے کے بارے میں تمام معلومات لکھ کر پیش کرنا ہوگی جن کو گودام والے کی طرف سے دستخط کرنے کا اختیار ہو۔ معلومات کی تحریر پر ان اشخاص کے بھی دستخط ہونا چاہئیں نیز جب ایسے اشخاص کے بارے میں کوئی رد و بدل ہو تو گودام والے کو کوآپریٹو سوسائٹیوں کے اسسٹنٹ رجسٹرار کو اس کے بارے میں جلد سے جلد اطلاع کرنا ہوگی۔ نئے اشخاص کو مجاز بنانے پر بھی اطلاع بہم پہنچانا ہوگی۔

اگر گودام والا ایسی رسید دے جو سکاری نہ جاسکتی ہو تو اسے رسید پر یہ چیز لکھنا ہوگی " سکاری نہیں جاسکتی "

رسید کھو جانے یا ضائع ہو جانے کی صورت میں مال جمع کرنے والے کو دوسری رسید لینے کے لئے مالک گودام کو درخواست دینا ہوگی، جس کے ساتھ حسب ذیل چیزیں بھی منسلک کی جائیں:

(الف) اس بات کا حلف نامہ کہ درخواست دینے والا ہی اصل رسید کا جائز مالک ہے، اس نے یہ رسید نہ دی تو سکاری ہے نہ ہی کسی دوسرے کو دی ہے، رسید کے کھو جانے یا خراب ہونے کے بارے میں تمام کیفیت اور رسید کھو جانے پر اسے ڈھونڈنے کی ہر ممکن کوشش کر لی گئی ہے جس میں کامیابی نہیں ہوئی۔

(ب) اصل رسید میں درج مال کی دوگنی قیمت کا ایک بونڈ لکھا جائے۔

(ج) اور پانچ روپے کی رقم۔

درخواست موصول ہونے پر گودام رکھنے والا کم سے کم

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ایک مرتبہ مقامی اخبارات کے ذریعہ رسید کے کھو جانے یا خراب ہونے کے بارے میں تحقیقات کرے گا اور بدلی (مثنیٰ) کی رسید دینے سے ایک ہفتہ قبل اطلاع دے گا۔

اس مدت کے بعد مالک گودام بدلی کی رسید دیدے گا اور اس پر "مثنیٰ" کا لفظ درج کر دیا جائے گا۔

بدلی کی رسید کے اجراء کے بعد اگر اصل رسید پیش کی گئی تو قبول نہ ہوگی۔

جمع کرنے والے ہر شخص کا فرض ہوگا کہ وہ مال کی منتقلی اور رہن وغیرہ کے بارے میں اپنے دستخطوں کے تصدیق نامہ پیش کرے۔ یہ باتیں تصدیق نامہ کے پیش ہونے کے بعد ۴۸ گھنٹے کے اندر اندر گودام کی رسید پر درج کرانا ہونگی۔

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

چوتھا باب

جرائم اور سزائیں

اگر کوئی مالک گودام لائسنس کی کسی شرط کی خلاف ورزی کرتا ہے یا اُس کی تعمیل سے قاصر رہتا ہے یا ایکٹ کی کسی دفعہ کی خلاف ورزی کرتا ہے تو :-

(الف) اس کے اقرار نامے کے تحت جو ضمانت جمع ہو گی وہ ضبط کی جا سکے گی۔

(ب) اس اقرار نامے کے تحت بقیہ رقم اس سے یا اس کے ضامنوں سے یا اس کے وارثوں سے یا قانونی نمائندوں سے مالگذاری کی بقیہ رقم کی طرح وصول کی جائے گی۔

اس ضبط شدہ یا حاصل کی ہوئی رقم میں سے حکومت اس شخص کو روپے دے سکتی ہے جس کو گودام کے مالک کی طرف سے اس ایکٹ کی کسی دفعہ کی خلاف ورزی کرنے یا اس کے مطابق کام نہ کرنے کی وجہ سے نقصان پہنچا ہو۔

جو شخص ضروری لائسنس حاصل کئے بغیر گودام چلانے کا کاروبار کرتا ہے اور اپنے گودام میں جمع کئے ہوئے مال کی خرید و فروخت کرتا ہے یا اس کے لئے پیسے ادھار دیتا ہے تو وہ جرم ثابت ہونے پر معمولی سزا جو ۶ ماہ تک ہو سکتی ہے اور ۱۰۰۰ روپے تک جرمانہ کا مستوجب ہو گا۔

جو شخص اس طرح کا جرم کرے گا اور اس کا تعلق کسی کمپنی یا کسی

دوسرے ادارے یا لوگوں کی کسی جماعت سے ہوگا تو ہر ڈائرکٹر، منیجر، سکریٹری، ایجنٹ، یا دوسرے افسران یا اشخاص جو اس ادارے سے متعلق ہوں گے سب اس جرم کے مرتکب سمجھے جائیں گے۔ جو شخص ایکٹ کی کسی دفعہ کی خلاف ورزی کرے گا یا اس کے مطابق کام نہ کرے گا وہ جرم ثابت ہونے پر ۱۰۰۰ روپے تک کے جرمانے کا مستوجب ہوگا۔

جب ایکٹ کے تحت کوئی لائسنس معطل یا مسترد ہو جائے، تو کوئی شخص لائسنس فیس کے معاوضے یا رقم کی واپسی کا حق دار نہ ہوگا۔

पुस्तकालय
गुरुकुल कांगड़ी

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

CCO, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

ہماری چند مطبوعات

(۱) "غلط فہمی دور کر دی گئی": آجکل کے چند اہم مسئلوں پر وزیر داخلہ سے سوالات کئے گئے تھے۔ اس کتابچے میں ان سوالوں کے جوابات درج ہیں۔ ۱ آنہ

(۲) "جنتا کی سیوا کے دو سال": یہ ترقی پسند گروپ بمبئی کے جلسے میں وزیر اعظم، بمبئی کی تقریر ہے۔ بلا قیمت

قومی راج

ڈائرکٹریٹ آف پبلسٹی سے
ایک ہفتہ وار اخبار "قومی راج" اردو میں شائع
ہوتا ہے جو عوامی اداروں کو مفت بھیجا جاتا ہے
مگر افراد کو دو روپیہ سالانہ چندہ
دینا ہوتا ہے

(۳) "دیہی قرضہ جات کے مسئلہ کا حل": اس کتابچے میں بتایا گیا ہے کہ بمبئی مہاجن ایکٹ ۱۹۴۶ء کیونکر قومی معاشیات کی مدد کرتا ہے۔ بلا قیمت

Signature with Date

(۴) "بمبئی خوشحالی کی راہ پر": اس کتاب میں اکتوبر ۱۹۴۶ء سے مارچ ۱۹۴۸ء تک کی میعاد کے سلسلہ میں بمبئی وزارت کے نظم و نسق پر روشنی ڈالی گئی ہے یہ کتاب مختلف تصویروں اور خاکوں سے مزین ہے۔ ۲ روپے

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar. Digitized by eGangotri

CC0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar. Digitized by eGangotri

CC0, Gurukul Kangri Collection, Haridwar, Digitized by eGangotri

CC0. Gurukul Kangri Collection, Haridwar. Digitized by eGangotri